No. of Printed Pages : 8 **BUDC-106**

# B.A. (Hons.) (Urdu)

# (BAUDH)

## Term-End Examination

## June, 2026

## BUDC-106 : Khawaja Altaf Hussain Hali ka Khusoosi

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ : سبھی حصّوں سے تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں اور ہر سوال کے نمبرات اس کے سامنے درج ہیں۔

---

(حصہ 'الف')

۱۔ حالی کے ذہنی ارتقاء پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔ ۱۰

یا

شیفتہ کی صحبت سے حالی پر پڑنے والے اثرات بیان کیجیے۔

۲۔ علی گڑھ تحریک کے پس منظر پر مختصر روشنی ڈالیے۔ ۱۰

یا

حالی کے معاصر سرسید احمد خاں پر ایک مختصر مضمون تحریر کیجیے۔

۳۔ جدید اردو نظم کے فروغ میں الطاف حسین حالی کی کارکردگی کو مختصر طور پر قلمبند کیجیے۔ ۱۰

یا

الطاف حسین حالی کی مرثیہ نگاری کے امتیازات واضح کیجئے۔

(حصہ 'ب')

۴۔ الطاف حسین حالی کی غزل گوئی سے بحث کیجئے۔ ۱۵

یا

الطاف حسین حالی کی نظم نگاری پر مفصل اظہار خیال کیجئے۔

۵۔ الطاف حسین حالی کی رباعی گوئی پر ایک جامع مضمون سپرد قلم کیجئے۔ ۱۵

یا

الطاف حسین حالی کی خطوط نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔

(حصہ 'ج')

۶۔ سوانح کی تعریف کرتے ہوئے الطاف حسین حالی کی سوانح نگاری پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔ ۲۰

یا

سادگی اصلیت اور جوش کے حوالے سے الطاف حسین حالی کے تصور شعر کا جائزہ لیجیے۔

۷۔ ''مسدّس مدوجزر اسلام'' کا تعارف کراتے ہوئے

درج ذیل بند کا تجزیہ کیجئے: ۲۰

کہیں تھا مویشی چرانے پہ جھگڑا

کہیں پہلے گھوڑا بڑھانے پہ جھگڑا

لبِ جُو کہیں آنے جانے پہ جھگڑا

کہیں پانی پینے پلانے پہ جھگڑا

یوں ہی روز ہوتی تھی تکرار ان میں

یوں ہی چلتی رہتی تھی تلوار ان میں

یا

درج ذیل اقتباس کا مع سیاق و سباق تجزیہ کیجئے:

''شعر کے لئے وزن ایسی چیز ہے جیسے راگ کے لئے بول ۔ جس طرح راگ فی حد ذات الفاظ کا محتاج نہیں اسی طرح نفس شعر وزن کا محتاج نہیں ۔ اس موقع پر انگریزی میں دو لفظ مستعمل ہیں ۔ ایک 'پوئٹری' اور دوسرا 'ورس' ۔ اسی طرح ہمارے ہاں بھی دو لفظ استعمال میں آتے

ہیں ۔ ایک 'شعر' اور دوسرا 'نظم' اور جس
طرح ان کے ہاں وزن کی شرط ''پوئٹری''
کے لئے نہیں بلکہ ورس کے لئے ہے ۔ اسی
طرح ہمارے ہاں بھی یہ شرط شعر میں نہیں بلکہ
نظم میں معتبر ہونی چاہئے ۔۔۔۔ البتہ اس
میں شک نہیں کہ وزن سے شعر کی خوبی اور
اس کی تاثیر دوبالا ہو جاتی ہے ۔ یورپ کا
محقّق لکھتا ہے کہ اگرچہ وزن پر شعر کا انحصار
نہیں ہے اور ابتدا میں وہ مدّتوں اس زیور

سے معطّل رہا ہے، مگر وزن سے بلا شبہ اس کا

اثر زیادہ تیز اور اس کا منتر زیادہ کارگر ہو

جاتا ہے۔''

××××